میں یہاں ہوں

جاوید اقبال راجا





میں یہاں ہوں

جاوید اقبال راجا

بہت پڑھ لیا زمانے کو......

اب خود کو پڑھ کر دیکھتے ہیں

05 میں یہاں ہوں

09 نیند کی ٹہنی پر اَدھ کھلے خواب

24 Shining Stars

25 گہی خان

29 گا جی خان

30 خواجہ

35 خاندان فیض بخش
39 خاندان سکندر
40 خاندان مغل
41 خاندان غلام محمد
42 خاندان غلام حسن
45 خاندان پہلوان خان
46 خاندان جعفر خان
47 خاندان مدد علی
48 خاندان حیات بخش
51 خاندان نواب خان
52 خاندان فرمان علی
53 خاندان عبداللہ
54 خاندان اللہ دتہ
57 خاندان کرم داد
58 خاندان فتح محمد
61 خاندان شاہ نواز

62 نذر

65 خاندان کملا
66 خاندان بوٹا
67 خاندان فتح
68 خاندان رحمت
69 خاندان حیات بخش
70 خاندان امام بخش
73 خاندان علی بخش
74 خاندان پیر بخش
75 خاندان ابدانی
76 خاندان رمضانی
79 خاندان جمعہ

80 Hello Families

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

اشاعت اول: جولائی 2017
قیمت: 300 روپے
ناشر: فرزانہ جاناں
مطبع: ایف آئی پرنٹرز
ڈیزائننگ کمپوزنگ: محمد ارشد، عرفان، محمد مجید

ملنے کا پتا: کتھریل ہاؤس A-42، ایوب کالونی چکلالہ سکیم 3، راولپنڈی
رابطہ: 0333-5330830 ، 0333-5166885
jawediqbalraja.int@gmail.com

انتساب

اپنے چچا

محمد عظیم شہیدؒ

کے نام

جنھوں نے 5 نومبر 1948ء کو

کشمیر کے محاذ پر

جامِ شہادت

نوش کیا۔

اوران کی بہادری کے اعتراف میں

جنرل راحیل شریف (آرمی چیف)

نے مورخہ 6 ستمبر 2016ء کو

جی ایچ کیو میں شیلڈ عطا کی۔

شکریہ

پاک آرمی

افلاس کے عالم میں فقط پیار میرے ابا
تھے میرے لیے سایۂ دیوار میرے ابا
اِک لفظ میرے ذہن میں آتا ہے مسلسل
ایثار تھے، ایثار تھے، ایثار میرے ابا

میرے والد محترم...... **عبدالکریم**

جنھوں نے مجھے غربت کا کبھی احساس نہیں ہونے دیا
اور نامساعد حالات میں بھی یونیورسٹی تک میرے
تعلیمی اخراجات برداشت کیے۔

جاوید اقبال
2/5/17



مرزا عبدالرزاق احمد



بہت دلیر اور دوستوں کے دوست۔

سماجی اور سیاسی شخصیت تھے۔
انھوں نے اپنے دور میں
کئی رفاہی کام
انجام دیے۔

راجا فضل حسین سابق کونسلر

راجا محمد نثار

مرزا عبدالرؤف

مرزا واجد حسین اپنے دوستوں کے ساتھ

اسجد اقبال راجا، مجاہد اقبال ٹیپو، رب نواز خٹک

''میں یہاں ہوں''

سب سے بڑی جہالت یہ ہے کہ آدمی اپنے قبیلے، علاقے اور پیشے پر فخر کرے اور اس بناء پر دوسروں کو حقیر جانے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللّٰہِ اَتْقٰکُم

''بیشک تم میں سے تکریم والا وہ ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے۔''

باعثِ صد عزت ہے وہ شخص جو تقویٰ اختیار کرتا ہے، اِنسانوں سے پیار کرتا ہے، ہر ایک کی بھلائی چاہتا ہے۔ چاہے اس کا پیشہ کچھ بھی ہو۔ چاہے اس کا خاندان کتنا ہی حقیر جانا جاتا ہو۔ چاہے مالی طور پر وہ کتنا ہی کمزور ہو۔

......اور باعثِ صد نفرت ہے وہ شخص جو انسانوں کو حقیر سمجھتا ہو، خوفِ خدا سے دور ہو، چاہے وہ اپنے نام کے ساتھ راجا مہاراجا، چوہدری، ملک سید یا کچھ بھی لکھتا ہو۔

کبریائی صرف اللہ کو زیبا ہے۔ اِسلام رنگ، نسل، زبان، پیشے اور قبیلے کے تفاخر کی جہالتوں سے کوسوں دُور ہے۔ اب آپ مجھ سے پوچھ سکتے ہیں کہ پھر ایسی کیا افتاد آ گئی کہ میں نے اپنے خاندان کا شجرۂ نسب مرتب کر دیا۔ آپ کا سوال جائز ہے۔ میں نے یہ شجرۂ نسب کسی فخر کے لیے نہیں بلکہ پہچان اور فروغِ الفت کے لیے ترتیب دیا ہے۔

یہی سوال مجھ سے میرے ایک بھتیجے نے کیا۔ میں نے کہا میں تمھارا کیا لگتا ہوں؟

بولا ''چاچا''

میں نے کہا ''اگر میں تمھیں لوگوں کے سامنے بُرا بھلا کہنا شروع کر دوں تو کیا کرو گے؟''

کہنے لگا ''خاموش رہوں گا۔''

''کیوں؟؟'' میں نے پوچھا۔

''اس لیے کہ آپ میرے چاچا ہیں اور آپ کا احترام لازم ہے۔'' وہ بولا۔

''تمھیں یہ احترام کرنا کس نے سکھایا؟ وہ خاموش رہا۔

میں نے کہا ''اسی شجرۂ نسب نے''

شجرۂ نسب سے رشتوں کی تفہیم ہوتی ہے۔ محبت، مؤدت اور احترام کے جذبات فروغ پاتے ہیں۔ اب حالت یہ ہے کہ جوں جوں آبادی اور وسائل بڑھ رہے ہیں توں توں لوگ ایک دوسرے سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ سیاسی وابستگیوں، فرقہ بندیوں اور ذاتی پسند ناپسند نے بھائی سے بھائی کو جدا کر دیا ہے۔ ایک الیکشن کی ناراضگیاں بمشکل ختم ہونے لگتی ہیں کہ دوسرا الیکشن آ جاتا ہے۔ پیسے کی فراوانی اور زندگی کی آسودگی نے بھی دِلوں میں خلیج پیدا کر دی ہے۔ اِنسانوں کو اِنسانوں سے بیگانہ کر دیا ہے۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ ہر چیز ہر بندے کو میسر نہیں ہوتی تھی۔ اسے دوسروں کے تعاون کی ضرورت ہوتی تھی۔ مکان کچے ہوتے تھے۔ چھت پر مٹی ڈالنے کے لیے عزیزوں کو بلانا پڑتا تھا۔ مجھے یاد ہے مغرب کے بعد چھت پر مٹی ڈلوانے والے گھر سے آوازیں آتی تھیں۔ ''لادی آ لیے او، لادی باہی کھچو'' اب نئی نسل ان آوازوں سے نا آشنا ہے۔ نہ وہ لادی (چھت پر مٹی) ہے نہ وہ لادی والے ہیں۔ دانے پسوانے کے لیے سو ہاوہ جانا پڑتا تھا۔ بار برداری کے لیے کسی سے ''کھوتی'' مانگنا پڑتی تھی۔ فصل کی کٹائی کے لیے ''لیتروں'' کی ضرورت ہوتی تھی۔ ''گاہ'' کے موقع پر ''بنڈے کھلاڑے'' دیے جاتے تھے۔ اب یہ ساری باتیں خواب ہوئیں۔ نہ لیترے ہیں، نہ ہل جُونٹ ہیں اور نہ بنڈے کھلاڑے ہیں۔ زندگی کی ساری سہولیات ہر آدمی کو میسر ہیں۔

جب کسی سے کوئی لینا دینا نہیں تو پھر کسی کی پرواہ کیوں کی جائے۔ اونچی اونچی چار دیواریاں

ہیں۔نیٹ لگا ہے، ٹی وی موجود ہے۔ ہر بچے کے ہاتھ میں بٹیرے کی طرح موبائل ہے۔سب اپنے بٹیروں سے کھیل رہے ہیں۔ ماں، باپ، بہن، بھائی سب چار دیواری کے اندر ہیں اور اپنے موبائل کی ''برکت'' سے سب گھر سے باہر ہیں۔موبائل نے گھر والوں کو بھی ایک دوسرے سے جدا کر دیا ہے۔ میں نے ایک نوجوان سے پوچھا۔''تمھارے دادا کا کیا نام ہے''؟ وہ بٹ بٹ مجھے دیکھنے لگا جیسے میں نے ڈیوڑھے کا پہاڑہ پوچھ لیا ہو۔ بیچارے کو نہیں پتا تھا۔کسی نے بتایا ہوتا تو اسے پتا ہوتا ۔میں جب نئی نسل کے کسی بچے کو بتاتا ہوں کہ فلاں شخص رشتے میں تمھارا یہ لگتا ہے تو وہ حیران ہو کر کہتا ہے کہ اتنا قریبی رشتہ ہے اور مجھے پتا ہی نہیں۔

رشتوں کو یادرکھنا اور بتانا سنتِ نبویؐ ہے۔ایک غزوے میں آپؐ فرما رہے تھے۔ **انا النبی لا کذب. انا ابن عبدالمطلب** (میں نبی ہوں اس میں کوئی جھوٹ نہیں۔میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔)

رشتوں کی پہچان اس لیے بھی ضروری ہے کہ اس سے جہاں پیار ومحبت میں اضافہ ہوتا ہے وہیں جذبۂ ایثار بھی فروغ پاتا ہے۔

خونی رشتے اگرچہ اہم ہیں لیکن دینی رشتہ سب سے مقدم ہے۔یاد رکھنا چاہیے خونی رشتوں میں ہمیں متعصب نہیں ہونا چاہیے۔ایمان، انصاف اور خوفِ خدا سب رشتوں پر حاوی ہوں۔ ہمارے گاؤں میں دیگر برادریاں بھی آباد ہیں۔ ہمارا ان کے ساتھ دینی رشتہ ہے جو سب رشتوں سے مضبوط ہے۔ کاش میرے پاس وسائل اور وقت ہوتا تو میں ان سب برادریوں کے شجرۂ نسب بھی شامل اشاعت کرتا۔ مرزا فیملی، بٹ فیملی، ستی فیملی، منہاس فیملی، سید فیملی غرض میں کس کس کا ذکر کروں۔سب میرے دِل میں ہیں، میں سب سے محبت کرتا ہوں۔

میرا بہت شوق ہے کھتڑیل قوم کے لوگ جہاں جہاں رہتے ہیں میں ان سے ملوں۔انھیں بتاؤں کہ تم میرا خون ہو۔تم بابا گہی خان کی اولاد ہو اور میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں۔

آج مجھے اپنے گاؤں کی عظیم ہستیاں یاد آ رہی ہیں جن میں بابا نوروز خان، ماموں ولایت علی، چوہدری مکھن خان، راجا اشتیاق احمد، چوہدری محمد مہربان، چوہدری امام علی، تایا محبت حسین، بھائی ظفر اقبال، بھائی صوفی ارشاد حسین، حوالدار رحم علی، بھائی صفدر، بھائی کیپٹن محمد عجائب، راجا منظور حسین، بھائی مطلوب حسین غرض بیسیوں نام ہیں جو میرے ذہن میں گھوم رہے ہیں۔ یہ لوگ زندہ ہوتے تو مجھے بڑی شاباش دیتے۔ ان میں سے ہر فرد پر ایک کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ اس شجرے کی ترتیب میں جہاں میں نے پرانے ریکارڈ سے استفادہ کیا وہیں برادرم علی ازرم ولد کرم الٰہی نے شبانہ روز کوشش کی۔ میرے خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں۔ جناب اعجاز احمد ارشد، جناب شبیر احمد صابری اور جناب قمر زمان ولد محمد سفری، فرحت اقبال راجا، محمد رمضان جانی اور احسن عباس۔

شجرے کے حوالے سے یہ ہماری پہلی کوشش ہے۔ بہت سی غلطیاں ہوں گی...... پیشگی معذرت۔ ان احباب سے بھی معذرت جن کے مکمل نام نہیں لکھ سکا۔ شجرے پر مشتمل اس کتاب کا نام ''میں یہاں ہوں'' اس لیے رکھا ہے کہ جب آپ کسی کو شجرہ دکھائیں گے تو وہ آپ سے پوچھے گا کہ اس شجرے میں آپ کہاں ہیں۔ ایسے میں آپ اپنا نام ڈھونڈ کر کہیں گے ''میں یہاں ہوں'' یا

"I AM HERE."

اسے ریفرنس بک بنانے کے لیے چند اضافی چیزیں بھی شامل کر دی ہیں۔ اس شجرۂ نسب کے مطالعہ کے بعد اگر آپ کے دِل میں اپنے خونی رشتوں کے لیے محبت کے جذبات بیدار ہوتے ہیں تو میں سمجھوں گا میری محنت رنگ لائی۔ بصورتِ دیگر میں سمجھوں گا کہ خواہ مخواہ وقت ضائع ہوا۔ خدارا مجھے دوسری سوچ سے بچائیے۔

طالبِ دُعا

جاوید اقبال راجا

16 جنوری 2017ء

نیند کی ٹہنی پر اَدھ کھلے خواب

میں کوئی تاریخ دان نہیں ہوں کہ محققین کی کتب کھنگالتا پھروں اور پھر نتائج کے صحیفوں کو رحمت اللہ علیہ کے ہینگروں پر لٹکا کر اپنے خاندان کے تقدس کو اُجاگر کرتا پھروں۔ میں بنیادی طور پر ایک قصہ گو ہوں جو کبھی کبھار ''بڑھا بھی دیتے ہیں زیبِ داستان کے لیے'' کے مصداق تحقیق کے جھمیلوں میں نہیں پڑتے۔اس لیے میری باتوں کو دِل پر لینے اور کہتے پھرنے کی ضرورت نہیں۔ میں باتیں کر کے مزا لیتا ہوں۔آپ بھی اگر ذوقِ سلیم رکھتے ہیں تو لطف اٹھائیے۔ میرے ہتھے محکمہ مال کے کچھ کاغذات چڑھے ہیں یقیناً وہ کاغذات زرعی مقدمہ بازوں کے پاس بھی ہوں گے جو اس کھوج میں رہتے ہیں کہ فلاں کے پاس فالتو زمین کیسے چلی گئی۔محکمہ مال کے کاغذات میں لکھا ہے کہ ہمارے گاؤں مُوہری کھتڑیل کے آباؤاجداد دہلی کے مضافات سے اٹھ کر یہاں سکونت پذیر ہوئے۔ چونکہ یہ جگہ ملحقہ نشیبی زمین کے مقابلے میں اونچی تھی۔ اس لیے مُوہری کہلائی۔ وہ لوگ اونچی جگہ کو مُوہری کہتے تھے۔بابا برسال بھی کھتڑیل تھے انھوں نے بھی اپنی رہائش کے لیے اونچی جگہ کا انتخاب کیا اور اپنے مسکن کا نام مُوہری برسال رکھا۔

تاریخ میں یہ بھی لکھا ہے کہ کسی زمانے میں یہاں کے باسیوں کو شدید قحط کا سامنا کرنا پڑا جس کی وجہ سے وہ یہ جگہ چھوڑ کر چلے گئے۔ جب قحط ختم ہو گیا تو ان میں سے کچھ لوگ اپنے آبائی علاقے میں واپس آ گئے۔ایک بزرگ پشاور کے مضافات میں کہیں آباد ہو گئے۔ان کی اولاد کہاں ہے؟ کس حال میں ہے؟ کچھ پتا نہیں۔

رائے بھلہ تھتھال قوم کے کوئی بزرگ موضع ترلائی (اسلام آباد) سے آکر موہری برسال آباد ہوئے۔ میرا خیال یہ ہے کہ جب قحط پڑا تو کچھ کھٹڑیل ترلائی میں تھتھالوں کے ہاں مہمان ٹھہرے اور پھر دوستی اتنی پختہ ہوگئی کہ وہ ان کے کسی بزرگ کو ساتھ لے آئے۔

آج بھی پیچا (اسلام آباد) ترلائی کے قریب کھٹڑیل نام کا ایک گاؤں موجود ہے۔ دوسرا خیال یہ ہے کہ قحط کے زمانے میں خالی رقبہ دیکھ کر قبضہ کرلیا گیا ہو لیکن قبضے والی بات دِل کو نہیں لگتی۔ کیونکہ کھٹڑیل کسی کو اپنی زمین پر قبضہ نہیں کرنے دیتے۔ ان سے زمین چھین لینا ممکن نہیں۔ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ یہ ساری جگہ ترلائی والوں کی ہو اور ہمارے بابوں نے زبردستی قبضہ کرلیا ہو۔ واللہ اعلم باالصواب۔ ہمیں گمان کے گھوڑے دوڑانے کا کیا فائدہ جب کہ تاریخ اس معاملے میں گونگی ہے۔

البتہ ایک بات طے ہے کہ کھٹڑیل جہاں بھی ہیں وسیع وعریض رقبے کے مالک ہیں۔ انھوں نے اپنے غیر زراعت پیشہ بھائیوں کو نہ صرف مفت رہائشی زمینیں دی ہیں بلکہ گزراوقات کے لیے زرعی زمینیں بھی دی ہیں۔ چونکہ وقت کی گرد تاریخی حقیقتوں کو دھندلا رہی ہے۔ میں برسبیل تذکرہ بتا رہا ہوں کہ ہمارے بزرگوں نے ستی فیملی، بٹ فیملی، مرزا فیملی، کشمیری فیملی، کرنل الطاف حسین کی فیملی، سید فیملی (پیر چنن شاہ مرحوم، پیر بہار شاہ مرحوم اور پیر سلمان شاہ مرحوم) کو رہائش کے لیے زمینیں دیں۔ ان میں سے کچھ اپنے مکانات اور زمینیں بیچ کر شہروں میں منتقل ہو گئے ہیں۔ کچھ نے یہیں زمینیں خرید کر اپنی اولاد کو آباد کر دیا ہے۔ الحمدللہ ان سب خاندانوں سے ہمارے مثالی تعلقات ہیں اور یوں لگتا ہے جیسے ہم سب ایک ہی برادری ہیں۔

شجرۂ نسب کے مطابق ہم نبی اکرم ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ کی اولاد سے ہیں۔ ہم ہاشمی ہیں اور حضرت عباسؓ کی نسبت سے عباسی ہیں۔ واللہ عالم بالصواب۔ پھر ہم چوہدری اور راجا کیوں ہیں؟؟ لگتا ہے کہ ہندوستان میں ہر صاحبِ جائیداد کو چوہدری صاحب یا راجا صاحب کہا جاتا تھا۔ جیسے آج کل پیسے والے کو سیٹھ صاحب کہا جاتا ہے۔ کھٹڑیلوں کے جدِامجد گھی خان تھے۔ انھی کی نسبت سے

ہم گہیال بھی کہلاتے ہیں۔ ناڑہ کوٹ ضلع باغ آزاد کشمیر کے کیپٹن محمد اشرف کی کتاب کے مطابق گہی خان کا اصل نام اکبر گاہی خان تھا۔ان کے ایک بھائی اکبر ماہی خان بھی تھے۔کیپٹن محمد اشرف کے شجرے کے مطابق گہی خان کے والد کا نام ضراب خان تھا۔ ہمارے شجرے میں بھی زراب خان لکھا ہے۔ اس سے اوپر ہمارے شجرے میں بدلے ہوئے نام ہیں جبکہ کیپٹن اشرف نے یہ نام یوں لکھے ہیں۔ ضراب خان ولد طائق ولد ابوالفضل ولد ابوالعباس ولدالموفق ولد ابوالفضل ولد ابو اسحاق ولد ہارون الرشید ولد محمد عبداللہ ولد سعید ولد ابوالعباس عبداللہ ولد محمد ولد علی السجاد ولد عبداللہ ولد عباسؓ۔

کیپٹن اشرف کے شجرے کے مطابق اکبر گاہی خان کی چھٹی پشت میں رائب خان کے بیٹے شاہ ولی خان (ڈھونڈ خان) اور بھاگ خان تھے۔ غالباً یہ وہی بھاگ خان ہیں جو ہمارے شجرے میں نواب خان (المعروف کھتڑیل) ہیں۔

ڈھونڈ خان کی اولاد کشمیر، مری اور ایبٹ آباد میں رہائش پذیر ہے۔ جبکہ نواب خان کی اولاد کہوٹہ، راولپنڈی اور جہلم کے علاقوں میں رہ رہی ہے۔

ڈھونڈ خان کی اولاد اب راجا، چوہدری نہیں کہلاتی۔ اب وہ اپنے نام کے ساتھ عباسی لکھ رہے ہیں۔ جبکہ ہمارے ناموں کے ساتھ راجا اور چوہدری چمٹے ہوئے ہیں۔

ہمارا گاؤں انتظامی طور پر دو حصوں میں تقسیم ہے۔ اپرا موہڑہ اور بُنا موہڑہ۔ اپرے موہڑے والے بابا خواجہ کی اور بُنے موہڑے والے بابا نذر کی اولاد ہیں۔ آج بھی اپرے موہڑے میں ماتم ہو جائے تو قبر کی کھدائی، مہمانوں کی دیکھ بھال بُنے موہڑے والے کرتے ہیں اور اگر بُنے موہڑے میں ماتم ہو جائے تو انتظامی ذمہ داریاں اپرے موہڑے کے لوگ نبھاتے ہیں۔ اس نفسا نفسی کے دور میں بھی ہماری بعض روایات بہت پختہ ہیں۔ کسی دوسرے گاؤں یا علاقے کا آدمی ہمارے کسی بندے سے لڑائی کرے تو ہم آپس کی رنجشوں کو بھلا کر ایک ہو جاتے ہیں۔

ہم کتنے ہی ناراض ہوں دوسرے کی ماتم کو اپنی ماتم سمجھتے ہیں۔ ہم بڑوں کا احترام کرتے ہیں چاہے وہ مخالف ہی کیوں نہ ہو۔ ہم قطع نظر سیاسی یا خاندانی رنجشوں کے اپنے نادار اور غریب رشتے داروں کی مدد کرتے ہیں۔

رفاہی کاموں میں بھی ہم بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ ہمارے بچے بڑوں کی ناراضگیوں کی پرواہ کیے بغیر اکٹھے کھیلتے ہیں۔ ہمارے لوگ بہت مہمان نواز ہیں۔ آپ کسی غریب سے غریب آدمی کے گھر بھی چلے جائیں تو وہ آپ کو دیکھ کر نہ صرف دلی مسرت کا اظہار کرے گا بلکہ اپنی بساط سے بڑھ کر آپ کی خدمت کرے گا۔ تعلیمی لحاظ سے بھی ہم دیگر دیہات سے آگے ہیں۔ آپ کو ایم اے، ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی تک تعلیم یافتہ افراد ہمارے گاؤں میں ملیں گے۔

مجھے نہیں یاد کہ کسی نے دشمنی میں کسی کو قتل کیا ہو۔ ہمارے زمینوں کے جھگڑے ہیں اور وہ اس وقت تک رہیں گے جب تک آخری مرلہ بھی ہمارے پاس ہے۔ جس تیزی سے ہم زمینیں بیچ رہے ہیں لگتا ہے یہ جھگڑے بھی عنقریب ختم ہو جائیں گے۔

اب ہم میں مکمل یکجہتی نہیں رہی۔ جب یک جہتی تھی تو سب سے پہلے ہمارے گاؤں میں ٹیلی فون لگا تھا اور جب اتفاق تھا تو سب سے پہلے ہمارے ہاں بجلی لگی تھی، جب متحد تھے تو گاؤں تک پکی سڑک ہم نے دیگر دیہات سے پہلے بنوائی تھی۔ مجھے یاد ہے 1969ء میں جب میں جہانگیرہ سے گاؤں آیا تو ہمارا گاؤں علاقے کا سب سے پسماندہ گاؤں تھا۔ میں نے چوہدری مہربان مرحوم، راجا فیاض حسین، راجا محمد امین، بھائی محمد انور، شوکت مرزا، بھائی محمد حسین مرحوم اور آڑہ کے راجا منظور حسین مرحوم سے بات کی کہ کوئی ویلفیئر سوسائٹی بنائی جائے۔ جب ہم یہ کام کرنے لگے تو بڑے بوڑھوں نے مشورہ دیا کہ یہ کام نہیں ہونے کا۔ اسے چھوڑ دو۔ ہم نے پہلا ٹارگٹ پرائمری سکول کا کمرہ بنایا۔ اس کی تعمیر کے لیے چندہ اکٹھا کیا۔ چوہدری مہربان مرحوم اپنے آفس سے سائیکلوسٹائل رسیدیں بنا کر لے آئے۔ پھر ہم نے سیاسی لوگوں کے جلسے کرانے شروع کر دیے۔

گاؤں کے نوجوان گلیوں میں پھرا کرتے تھے۔ میں نے اور شبیر احمد صابری نے سوچا ان کے لیے کوئی کھیل شروع کیا جائے۔ چنانچہ والی بال کا آغاز کیا گیا۔ پھر ہماری ہاکی، کرکٹ اور فٹ بال کی ٹیم بنی۔

گاؤں کی تعمیر و ترقی میں چوہدری امام علی مرحوم، ماموں ولایت علی مرحوم، نمبر دار عظیم مرحوم، ماسٹر محبت حسین مرحوم، راجا محمد امین، راجا فیاض حسین، راجا محمود شہزاد، چوہدری محمد منیر مرحوم، چوہدری محمد مہربان مرحوم، منشی فضل حسین مرحوم، راجا مطلوب حسین مرحوم، حوالدار صفدر حسین مرحوم، بھائی محمد انور اور شوکت مرزا کی بہت خدمات ہیں۔ سوشل ویلفیئر سوسائٹی کی معرفت ہم نے بہت سے رفاہی کام کیے جن میں پی سی او، ڈاکخانے کا قیام، بجلی کی تنصیب، پختہ سڑک کی تعمیر اور گرلز مڈل سکول کا قیام قابل ذکر ہیں۔ سوشل ویلفیئر سوسائٹی چوہدری محمد مہربان مرحوم، راجا فیاض حسین اور میں نے قائم کی۔ ہم نے راجا محمد انور کو سوسائٹی کا پہلا صدر منتخب کیا۔ جبکہ پہلا جنرل سیکرٹری میں تھا۔ بعد میں راجا محمد امین صدر رفعت محمود، صوفی ارشاد حسین مرحوم اور ماسٹر محبت حسین مرحوم جنرل سیکرٹری رہے۔

کھتڑیل ہاکی کلب شبیر احمد صابری اور میں نے قائم کیا۔ اس کے منیجر اختر حسین اور کوچ شبیر احمد صابری کو بنایا گیا۔

معاشرے میں نیکی کے فروغ اور مرزائیت کی روک تھام کے لیے تحریک اصلاحِ معاشرہ کے نام سے کام کیا گیا۔ جس کی نظامت کی ذمہ داری مجھے اور جنرل سیکرٹری راجا فیاض حسین کو بنایا گیا۔

میری خواہش تھی کہ ہمارے نوجوان علم و ادب میں آگے بڑھیں۔ چنانچہ میں نے ''دستک'' نام کا ایک لوکل خبر نامہ جاری کیا۔ بھائی زبید ولد سوداگر حسین مرحوم میرے معاون تھے۔ اس خبر نامے کی کچھ کاپیاں ابھی تک میرے پاس محفوظ ہیں۔

1982ء میں، میں ایم اے ایجوکیشن کرنے پنجاب یونیورسٹی لاہور چلا گیا۔ جب موسم گرما کی تعطیلات میں گاؤں آیا تو ایک دھماکہ خیز خبر میری منتظر تھی۔ پتا چلا کہ مرزائی اسلم بہت سے لوگوں کو

ربوہ لے گیا ہے۔اس نے ان کی ملاقات مرزا طاہر سے کرائی ہے اور لوگ بہت متاثر ہوئے ہیں۔ اس فتنے کے ازالے کے لیے میں نے گاؤں کے سنجیدہ اور باشعور افراد کی مدد سے تحریک چلانے کا فیصلہ کیا۔ مُوہری برسال کے کیپٹن محمد آزاد، بھائی محمد حسین مرحوم، راجا فیاض حسین، مستری یٰسین اور ٹنڈوئی کے حاجی عاشق حسین مرحوم نے میری بھرپور معاونت کی۔ ہم نے متعدد جلسے کرائے، علمائے کرام کی تقاریر کرائیں اور لوگوں کو احمدیت کا اصل چہرہ دکھایا۔ان علماء میں جناب علامہ عنایت اللہ گجراتی مرحوم، دینہ کے جناب مفتی عزیز اللہ مرحوم، جہلم کے مولانا عبدالطیف جہلمی مرحوم، گوجرخان کے راجا محمد ظہیر خان مرحوم، سوہاوہ کے قبلہ انور شاہ صاحب مرحوم ، مولانا محمد خان وزیرآبادی، مولانا عبدالحمید فاروقی اور حکیم مختار احمد حسینی شامل ہیں۔میں نے گاؤں کی دیواروں پر مرزائیت کے خلاف تحریریں لکھیں۔اسلم مرزائی سے بہت سے مناظرے کیے۔اگرچہ میرا علم محدود تھا لیکن الحمدللہ میرے رب نے مجھے ہمیشہ سرخرو کیا۔

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج وہ فتنہ جڑ سے اکھڑ گیا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب ہم مسجد کی تعمیر کر رہے تھے تو اسلم مرزائی تعمیرِ مسجد کے لیے رقم لے کر آیا۔ میں نے اس کی رقم قبول نہ کی۔ حالانکہ بعض لوگوں نے مشورہ دیا کہ لے لیں۔ اس کے پیسوں سے طہارت خانے بنوالیں گے۔ میں نے کہا ہم غیر مسلم سے پیسے نہیں لیں گے۔کسی نے بتایا کہ وہ رائفل لے کر تمھیں مارنے کے لیے آرہا ہے۔ میں نے کہا یہ تو میری خوش بختی ہو گی کہ ناموسِ رسالت پر جان جائے گی۔ بہر کیف اللہ نے اسے ہمت نہ دی۔

ہم نے بھائی اشتیاق احمد راجا کو بلدیاتی انتخابات میں کونسلر بنوایا۔ بعد میں وہ ہماری یونین کونسل کے چیئرمین بھی رہے۔ ماموں ولایت علی جب کونسلر بنے تو انھوں نے تعمیر و ترقی کے بہت سے کام کروائے۔محترم راجا جاوید اخلاص نے ہمارے گاؤں کا خصوصی خیال رکھا۔انھوں نے بطور ناظم ضلع کونسل، بطور ایم پی اے اور بطور ایم این اے متعدد کام کرائے۔ایک جلسہ کے موقع پر میں نے انھیں کہا تھا کہ راجا صاحب اس گاؤں کی جب بھی تاریخ لکھی جائے گی تو ترقیاتی کاموں کے حوالے

سے آپ کو یاد رکھا جائے گا اور آج سے کئی سال پیشتر میں نے اسی موقع پر کہا تھا کہ لگتا ہے وہ تاریخ بھی میں ہی لکھوں گا۔آج اللہ نے میری بات کو روبہ عمل کیا ہے۔(اللہ تیرا شکر ہے۔)

یہ بہت ناانصافی ہوگی کہ میں اس موقع پر تعصب کا اظہار کروں۔ہمارے شکریے کے مستحق ہیں سابق وزیراعظم پاکستان محترم جناب راجا پرویز اشرف بھی۔آج گاؤں کی ہر گلی پختہ ہے۔یہ راجا پرویز اشرف صاحب کی خصوصی گرانٹ کا نتیجہ ہے اور امجد حسین اور امتیاز یوسف نے گلیوں کی پختگی میں دِن رات کام کیا ہے۔راجا مختار احمد ان کے ساتھ رہے۔میرے مرحوم بھائی مرزا عبدالرزاق عرف کالا چیئرمین نے مُوہری کھتڑیل کو اپنا ذاتی گاؤں قرار دے کر اپنے دور میں ہماری ہر معاملے میں بھرپور معاونت کی۔ان کی یاد میں کھتڑیل والی بال کلب متواتر دو سالوں سے والی بال کا ٹورنامنٹ کرا رہا ہے۔

جب ماموں ولایت علی کونسلر تھے تو کسی کام کے سلسلے میں ہم چند افراد یونین کونسل کے دفتر گئے۔ واپسی پر تریڈہ اترے تو میں نے ان سب سے کہا۔اس جگہ کا نام بدلا دینا چاہیے۔کسی نے کہا پہلوان خان (میرے چاچا) سب سے پہلے اس جگہ آباد ہوئے تھے۔ان کے نام پر ''پہلوان آباد'' رکھ لیتے ہیں۔میں نے کہا چھوڑیں شخصیات کو، یہاں دوسری برادریوں کے لوگ بھی رہتے ہیں۔ہم دینی رشتے کے حوالے سے اس کا نام ''اِسلام نگر'' رکھتے ہیں۔سب نے میرے نام کی تائید کی۔یوں تریڈہ کا نام اسلام نگر پڑ گیا۔الحمدللہ اب میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارے بجلی کے بلوں پر بھی اسلام نگر ہی لکھا ہوتا ہے۔ماموں ولایت علی مرحوم کے سامنے اگر کوئی غلطی سے تریڈہ کہہ دے تو فوراً تصیح فرماتے تھے کہ اِسلام نگر کہو۔

میری اکلوتی بہن نرگس فاطمہ سیما فوت ہوئی تو میں نے سوچا کوئی ایسا کام کیا جائے جو اس کے لیے صدقہ ٔ جاریہ ہو۔چند احباب سے مشورہ کیا تو ایک صاحب نے کہا مسجد میں شیشہ کاری ہو رہی ہے وہاں پیسے دے دو۔میں نے کہا مسجد کے پڑوس میں سکول کے جو بچے سردی سے ٹھٹھر رہے ہیں اور گرمی کی دھوپ میں جھلس رہے ہیں ان کے لیے کیوں نہ کوئی اہتمام کیا جائے۔بولے مسجد کا کام کراؤ گے تو زیادہ ثواب ملے گا۔میں نے کہا یہ تمھاری سوچ ہے۔چنانچہ اپنی بہن کی یاد میں سکول کا کمرہ بنایا۔آج

وہاں بچے بیٹھتے ہیں اور موسم کی سختیوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ مجھے یقین ہے میرے اللہ نے شیشہ کاری کی نسبت یہاں زیادہ اجر لکھ دیا ہوگا۔

جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ وقت کے ساتھ ساتھ رشتوں کے بندھن کمزور ہو رہے ہیں۔ خالہ، ماسی، چاچی اور مامی کے بجائے آنٹیاں آگئیں ہیں۔ اب جو بس میں کبھی امی کی واقف بنی وہ بھی آنٹی اور جو سگی خالہ ہے وہ بھی آنٹی۔ ماموں، چاچا اور تایا کے بجائے انکل آ گئے ہیں۔ ابا کے کسی دوست نے سرِ راہ ٹافی دے دی تو وہ پسندیدہ ''ٹافی والے انکل'' بن گئے اور جان دینے والا سگا ماموں محض انکل بن کر رہ گیا۔ رشتوں کی ڈوریاں کمزور ہوتے ہوتے صرف کچے دھاگے رہ گئے ہیں۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ گاؤں کا کوئی بزرگ فیصلہ سنا دیتا تو سب اس فیصلے کے آگے سرِتسلیم خم کر دیتے تھے۔ اب ہر گھر میں ایک لیڈر ہے۔ جہاں لیڈروں کی بھرمار ہو وہاں انتشار یقینی ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہمارے گاؤں میں ہوا۔ لوگ باشعور ہوتے گئے اور اندھی تقلید سے منحرف ہوگئے اور پھر جب راہبروں کے روپ میں راہزن در آئے تو ''سمعنا واطعنا'' رخصت ہوا۔ ہم جس رفتار سے ترقی کر رہے تھے اگر کچھ ناعاقبت اندیش انا اور طمع کے جزیرے اور کشکول کا انتخاب نہ کرتے تو علاقے کے لیے ہم مثال ہوتے۔ تاہم بھلا ہو علی ازرم ولد کرم الٰہی اور محمد جہانگیر ولد محمد بشیر کا جنھوں نے 2002ء میں ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن کے نام سے گاؤں کے نوجوانوں کو پھر ایک پلیٹ فارم پر مجتمع کیا اور ماموں محمد حسین ولد فرمان علی مرحوم سے ڈیڑھ کنال کا رقبہ جنازہ گاہ کے لیے حاصل کیا۔ آج یہ جنازہ گاہ ہمارے گاؤں کی امتیازی شان ہے۔ جنازہ گاہ کے رقبے میں اضافے کے لیے نہ صرف میں نے بلکہ میرے علاوہ محمد بشیر ولد مولوی احمد خان مرحوم، ماموں ولایت علی مرحوم، راجا افتخار ولد فضل داد مرحوم اور محمد اسلم ولد راج ولی مرحوم نے بھی جگہ دی۔ اب اس کا رقبہ چار کنال سے زیادہ ہے۔

جنازہ گاہ میں راجا افتخار ولد فضل داد نے وضو کے لیے جگہ تعمیر کرائی، بورنگ راجا مطلوب حسین ولد گلزار خان مرحوم اور دیواروں پر حفاظتی گرل حاجی محمد اشرف ولد کرم الٰہی نے بنوائی۔ میں

نے اِسلام آباد سے سُکھ چین کے پودے بھجوائے جن کی چھاؤں میں لوگ دھوپ سے بچتے ہیں۔ ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن نے گاؤں کی تمام گلیوں میں سٹریٹ لائٹس نصب کرائیں۔ چھوٹی گلیاں اپنی مدد آپ کے تحت پختہ کرائیں۔ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کی مدد سے بڑی سڑک کا کچھ حصہ پختہ کرایا اور نکاسئ آب کے لیے نالا بھی بنوایا۔ ینگ ویلفیئر کے نوجوان لوگوں کے باہمی جھگڑوں کو ختم کرانے میں بھی مثالی کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر مجھے گاؤں کی وہ اہم شخصیات بھی یاد آ رہی ہیں جنھوں نے کسی نہ کسی حوالے سے ہماری یادوں پر گہرے نقش چھوڑے ہیں۔ میرے ابا جی مرحوم بزرگوں کے قصے سنایا کرتے تھے۔ ان کا اندازِ گفتگو بہت پرکشش تھا۔ شجرے کے اور ریاضی کے ماہر تھے۔ کون، کس کا کیا لگتا ہے؟ کون، کہاں سے کیسے آیا؟

لمبی لمبی ضربوں، تقسیموں کے سوالات، پُر مزاح قصے کہانیاں، غرض اپنی ذات میں ایک انجمن تھے۔ جو ایک دفعہ ان سے ملتا انھی کا ہو جاتا۔ کبھی کبھی بابا چوہدری کے قصے سنایا کرتے تھے۔ یہ بابا حیات بخش، بابا مدد علی کے دادا کے بھائی تھے۔ لاولد تھے۔ غالباً گل محمد یا سبحان علی نام ہوگا۔ انھیں بابا چوہدری ہی کہا جاتا تھا۔ ایک بار تیل نکالنے والا کولھو (کہانی) خرید کر لائے۔ گاؤں کے آخر میں جہاں آج کل منصور کنول رہتا ہے، ان کا گھر تھا۔ جب کولھو نصب ہو گیا تو تین چار آدمیوں نے پوچھا چوہدری کولھو کہاں سے لائے ہو؟ کتنا تیل نکلتا ہے؟ کس لکڑی کا ہے؟ قیمت کیا ہے؟ جب سب سوالوں کے جواب دے دیتے تو وہ کہتے مبارک ہو اور یہ خیر مبارک کہتے۔ بابا چوہدری شغلی آدمی تھے۔ دور سے کوئی آدمی آتا ہوا دیکھتے تو دوڑ کر اس کے پاس چلے جاتے اور کہتے کولھو دینہ سے لایا ہوں۔ 2 سیر تیل نکلتا ہے۔ ٹاہلی (شیشم) کا بنا ہوا ہے۔ 4 آنے قیمت ہے اور ساتھ ہی دھکا دے کر کہتے ''خیر مبارک'' جب کچھ لوگوں کے ساتھ یہ برتاؤ ہوا تو لوگوں نے وہ راستہ ہی چھوڑ دیا۔

ایک دفعہ بہادر موچی کے ساتھ کونتریلہ جا رہے تھے۔ کونتریلہ میں سکھ اور ہندو رہتے تھے۔ ایک ہندو صبح صبح اشنان (نہا کر) کر کے گڈوی اٹھائے ''تیرا نام تیرا نام'' کا ورد کرتے ہوئے ان کے پاس سے

گزرا۔ انھوں نے سنتے ہی فوراً کہا ''میرا نام چوہدری گل محمد'' ہندو نے غصے سے انھیں دیکھا اور کہا ''تیرے نال کون ہے؟'' (یعنی میں تجھ سے بات نہیں کر رہا) بابا چوہدری فوراً بولے ''میرے نال بہادر موچی۔''

بابا نوروز خان دکاندار (یونس ولد محمد شریف کے نانا ابو) گاؤں کی عظیم شخصیت تھے۔ زندہ سانپوں کو پکڑ لیتے تھے۔ ہر غریب مسکین کی مدد کرتے تھے۔ پھلڑیاں، چھوہارے یا کوئی بھی خیرات بچوں میں بانٹنی ہو تو بابا نوروز خوشی سے یہ فریضہ انجام دیتے تھے۔ جب وہ خیرات بانٹ رہے ہوتے تھے تو بچے ان کے ساتھ یوں چمٹے ہوتے تھے جیسے چھتے کے ساتھ شہد کی مکھیاں۔ ہم لوگ اپنے اپنے حصے کے علاوہ گھر میں موجود اپنی امیوں، دادیوں کے حصے بھی لیتے تھے اور داؤ لگے تو گھوم کر دوسری تیسری بار بھی قسمت آزمائی کر لیتے تھے۔

ایک بار اناج کی قلت ہوگئی۔ چونکہ ان دنوں پیسوں کی بجائے اناج ہی کرنسی تھی۔ پڑوپی دانے دے کر ہم مرُنڈے اور بوندیاں لیا کرتے تھے۔ پڑوپی کیا ہے؟ اناج ناپنے کا چھوٹا برتن۔ بابا نوروز خان کے پاس دوسرے گاؤں کا ایک آدمی آیا اور اس نے اناج خریدنے کی خواہش کی۔ بابا نے کہا یہ میں اپنے گاؤں والوں کو دوں گا۔ اس نے زیادہ قیمت لگائی۔ بابا نے کہا میں کم قیمت پر صرف اپنے گاؤں والوں کو اناج دوں گا۔ جن سے میں نے دانے لیے ہیں۔ وہ آدمی مایوس ہو کر چلا گیا۔

حوالدار رحم علی مرحوم (راجا اشرف کے ابا) بھی دلچسپ شخصیت تھے۔ جب فوت ہوئے سو سال کے قریب عمر تھی۔ مجھے ماموں نہیں کہنے دیتے تھے۔ کہتے تھے میں رشتے میں تمھارا بھائی لگتا ہوں لالہ کہا کرو۔ اب جب میں شجرۂ نسب دیکھتا ہوں تو پتا چلتا ہے کہ وہ صحیح کہتے تھے۔

شارجہ میں پاکستان اور انڈیا کا کرکٹ میچ ہو رہا تھا۔ جاوید میانداد نے آخری بال پر چھکا لگا کر پاکستان کو میچ جتوا دیا۔ سب ''جاوید جاوید'' کر رہے تھے۔ لالہ رحم علی نے جب میرا نام سنا تو کہنے لگے۔ ''یار اس چھوٹے سے لڑکے نے پورے گاؤں کو آگے لگایا ہوا ہے۔'' ان دنوں میں ان کے مخالف

گروپ میں تھا۔گھر والوں نے میری شان میں قصیدہ سنانے کے بعد انھیں بتایا کہ یہ جاوید اور ہے۔

ایک بار ان کے گھٹنے میں تکلیف ہوگئی۔ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ڈاکٹر نے پوچھا ''بزرگو! عمر کتنی ہے؟'' بولے ''پچانوے سال'' ڈاکٹر نے دانائی دکھائی اور کہا ''عمر جو بہت زیادہ ہوگئی ہے درد تو ہونا ہی تھا۔'' کہنے لگے ''ڈاکٹر صاحب میرے اس دائیں گھٹنے کی عمر پچانوے سال ہے۔اس میں درد ہو رہا ہے۔ یہ بایاں گھٹنا بھی پچانوے سال کا ہے اس میں درد کیوں نہیں ہو رہا۔'' ڈاکٹر اپنی حکمت بھول گیا۔بولا ''او۔ بابا جی کو اندر سٹریچر پر لے جاؤ۔''

ان کا بیٹا راجا اشرف گوجر خان میں رہتا تھا۔اس کی بیوی کچن میں پریشر ککر میں کوئی چیز پکا رہی تھی۔ پریشر ککر پھٹا اس کا ڈھکن چھت پر جا لگا۔اشرف کی بیوی زخمی ہوگئی۔لالہ رحم علی اپنی بہو کو دیکھنے گوجر خان گئے۔گھر پہنچتے ہی انھوں نے کہا ''مجھے وہ دیگچہ دکھائیں جس نے میری بہو کا گلا دبوچا ہے۔''

موقع پر بات کرنا، ٹِکا کر بات کرنا اور بہت پُر لطف بات کرنا لالہ رحم علی مرحوم پر بس تھی۔ آہ! کیسی کیسی ہستیاں زیرِ زمین چلی گئیں۔میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ میں ان کے سارے واقعات لکھوں۔ان کی زندگی پر پوری کتاب لکھی جا سکتی ہے۔

میرے تایا جان **ماسٹر محبت حسین** بھی عظیم انسان تھے۔گاؤں کے سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے۔ طلبہ کو اپنے گھر ٹھہرا کر، اپنے پلے سے کھلا کر پڑھایا کرتے تھے۔مجھے یاد ہے رات گئے تک بچے تایا جی کے گھر پڑھتے تھے۔ان دنوں بجلی نہیں تھی۔بچے اپنے اپنے گھروں سے لالٹینیں لاتے تھے۔جو بچے دوسرے گاؤں سے آتے تھے وہ تایا جی کے گھر ہی قیام کرتے تھے۔میری خالہ جان ان کے کھانے پینے کا انتظام کیا کرتی تھیں۔غریب بچوں کی تعلیمی ضروریات پوری کرنا، بے آسرا خواتین کی سرپرستی کرنا اور رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا تایا جی کو مرغوب تھا۔انھوں نے ایک بے آسرا خاتون کی بھائی کی طرح خدمت کی اور جرموٹ کلاں میں ان کی شادی کی۔میری وہ خالہ بہت نیک

اور تہجد گزار تھیں۔ان کا نورانی چہرہ مجھے آج بھی نظر آ رہا ہے۔

تایا جی برے سے برے حالات کو بھی سلجھا لیتے تھے۔ایک بار انھوں نے سکول سے چھٹی کی۔ گھر کے پاس ہی کولھو(کہانی) لگا ہوا تھا۔انھوں نے کولھو سے تیل نکالنا تھا۔اتفاق سے اس دن دوسرے استاد بھی سکول نہ آئے۔بچوں نے چھٹی کر لی۔سکول گھر سے کافی فاصلے پر تھا۔عین اسی دن اے ڈی آئی (تعلیمی افسر) بھی سکول پہنچ گیا۔تایا جی کو خبر ہوئی کہ اے ڈی آئی سکول آ گیا ہے، دوسرے استاد بھی سکول نہیں آئے اور سکول بند ہے۔لامحالہ کھچائی تو ہونی تھی۔تایا جی نے قریب قریب کے بچوں کو بلا لیا کہ کاپی پنسل لے کر آ جاؤ۔بچے آ گئے۔تایا جی نے انھیں لکھوانا شروع کر دیا یہ کولھو ہے۔اس سے تیل نکالتے ہیں......وغیرہ وغیرہ۔

اے ڈی آئی پوچھتا پوچھتا تایا جی کے پاس پہنچ گیا۔تایا جی نے آگے کلاس لگائی ہوئی تھی۔وہ حیران تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔سلام دعا کے بعد تایا جی نے بتایا کہ آج ہم عملی کام کر رہے ہیں اور کولھو پر آنکھوں دیکھا مضمون لکھ رہے ہیں۔اے ڈی آئی بہت خوش ہوا۔اس نے لاگ بک میں تایا جی کی بہت تعریف لکھی۔اس کے بعد وہ جہاں بھی جاتا تایا جی کی مثال دیتا کہ اگر تعلیم کو بچوں کی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہے تو جاؤ موہری والے راجا محبت حسین سے سیکھو۔

تایا جی میرے سسر بھی تھے۔مجھ سے بہت پیار کرتے تھے۔یقین مانیے اب میں ان کا ذکر بھیگی آنکھوں کے ساتھ کر رہا ہوں۔

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

چوہدری مکھن خان ہمارے گاؤں کی پہچان تھے۔لوگ پوچھتے ''کہاں کے رہنے والے ہو'' ہم بتاتے ''موہری کے۔''

''چوہدری مکھن والی موہری کے؟'' وہ پوچھتے۔

ہمارا گاؤں ان کے نام کی وجہ سے مشہور تھا۔ جوانی میں کبڈی کھیلتے رہے۔گھوڑے پالنے کا شوق تھا۔ نیزہ بازی کرتے تھے۔ چوہدری محمد مہربان مرحوم کی شادی کے موقع پر نیزہ بازی ہوئی۔تایا مکھن کی عمر اس وقت بھی سوسال کے قریب تھی۔انھوں نے گھوڑے پر سوار ہوکر نیزہ بازی کی اور کلہ اکھاڑا۔

ان کے لوگوں کے ساتھ زمینوں کے مقدمے رہتے تھے۔ ہمارے ساتھ بھی ایک مقدمہ تھا۔ مقدمے کی تاریخ سے ایک دن پہلے ہمارے گھر تشریف لاتے اور میرے تایا جی کو کہتے ''منشی جی۔کل تاریخ ہے یاد ہے نا'' ہاں چوہدری کل اکٹھے چلیں گے۔''

اگلے دن دونوں صاف ستھرے کپڑے پہن کر عدالت جاتے۔جانے کی ترتیب یہ تھی کہ چکوال موڑ سے بس پر بیٹھتے۔ اگر ایک نے جاتے ہوئے کرایہ دیا ہے تو دوسرے نے آتے ہوئے کرایہ دیا ہے۔ کچہری جا کر اپنے اپنے وکیلوں سے ملتے۔کورٹ کے بعد عاشق ہوٹل پر جا کر دودھ جلیبی کھاتے اور پھر ہنستے کھیلتے واپس گاؤں آجاتے۔ہم مذاقاً کہتے تھے مقدمہ محض بہانہ ہے۔اصل میں دونوں دودھ جلیبی کھانے جاتے ہیں۔

تایا مکھن گاؤں کے سب سے بڑے زمیندار تھے۔ دِل کے بہت سخی تھے۔غریبوں کی مدد کرتے۔ان کی خوشیوں غمیوں میں ان کی مالی مدد کرتے۔ایک بار گندم کی پیداوار بہت کم ہوئی۔تایا مکھن کی گندم بھی کم ہوئی۔ زمیندار تو پریشان تھے ہی کہ سال کیسے گزرے گا۔غیر زراعت پیشہ افراد تو سخت اضطراب میں تھے۔کھلیان میں گندم کا ڈھیر لگا تھا۔تایا جی نے ان گھرانوں کو بلایا اور ہر ایک سے اس کی سال کی ضرورت پوچھ کر گندم تقسیم کر دی اور خود خالی ہاتھ گھر آگئے۔ کسی نے پوچھا ''چوہدری اب تو کیا کرے گا؟'' بولے ''یار میں جس بڑے زمیندار کے پاس جاؤں گا وہ مجھے ادھار دے دے گا۔ان بیچاروں کو کون دے گا۔'' تایا مکھن جس دن فوت ہوئے سخت گرمی تھی۔ اچانک آسمان پر بادل چھا گئے۔ بارش ہوئی اور موسم ٹھنڈا ہو گیا۔

چوہدری امام علی مرحوم ہمارے گاؤں کے بہت دانا انسان تھے۔ان کی سبق آموز نصیحتیں آج

بھی لوگوں کو یاد ہیں۔ میں نے انھیں کبھی کسی سے لڑائی کرتے یا گالی گلوچ کرتے نہیں دیکھا۔ بہت شرافت، متانت اور دیانتداری سے انھوں نے اپنی زندگی بسر کی۔ جب فوت ہوئے تو ان کا مسکراتا ہوا پُرسکون چہرہ گواہی دے رہا تھا کہ اس بندے نے کبھی کسی کا حق نہیں مارا۔

چوہدری محمد مہربان مرحوم چھوٹا قد مگر قد آور شخصیت، خوبصورت خدوخال، جو ایک بار ملتا ان کا گرویدہ ہو جاتا۔ مجھے اس لیے زیادہ پسند تھے کہ وہ اپنی قوم کا درد رکھتے تھے۔ گاؤں کی تعمیر و ترقی کے لیے بہت کچھ کرنا چاہتے تھے۔ ذہین آدمی تھے۔ بہترین ٹائپسٹ تھے۔ اچھی انگریزی بولتے تھے۔ ایک بار میرے گھر آئے۔ میں گھر پر نہیں تھا۔ ایک خط چھوڑ گئے۔ جس کے آخر میں ان کے نام کے ساتھ بریکٹ میں WTG (London) لکھا تھا۔ میں سمجھا لندن سے کوئی کورس کیا ہوگا۔ میں نے فون کر کے پوچھا یہ کون سی ڈگری ہے۔ بولے اس کا مطلب ہے Want to go London آج بھی ان کی یہ بات یاد آتی ہے تو مسکرا اٹھتا ہوں۔

وہ جو اِک شخص متاع دل و جاں تھا، نہ رہا
اب بھلا کون مرے درد سنبھالے محسن

محمد حنیف مرحوم جس دن فوت ہوئے میرا جی چاہا کہ جنازے کے تمام شرکاء سے کہوں کہ آپ میں سے کسی ایک آدمی سے بھی بھائی محمد حنیف کی کبھی کوئی ہلکی پھلکی چپقلش ہوئی ہے تو وہ مجھے بتا کر ایک ہزار روپے انعام لے سکتا ہے۔ اکلوتا بیٹا بابر بلال فوت ہو گیا۔ بھائی حنیف صبر کا پہاڑ تھے۔ ہمیشہ اللہ کا شکر ادا کرتے رہے۔ سکول کے بچوں کے پک اینڈ ڈراپ کے لیے گاڑی رکھی ہوئی تھی ہر راہ چلتے بندے کو زبردستی اپنی گاڑی میں بٹھاتے اور کوئی کرایہ نہ لیتے۔ بہت مخلص، نہایت شریف انسان تھے۔ آہ

منتظر کس کا ہوں ٹوٹی ہوئی دہلیز پہ میں
کون آئے گا یہاں؟ کون ہے آنے والا

آہ! میں کس کس کا ذکر کروں۔ میری تمام سرگزشت کھوئے ہوؤں کی جستجو۔ ماموں ولایت علی، بھائی ظفر اقبال، بھائی ریاض، بھائی محمد حسین، بھائی یوسف، بھائی کیپٹن عجائب، بابر بلال، بھائی اشتیاق راجا تھانیدار غلام نبی، چاچا خوش حال، ماموں باغ علی، صغیر ولد باغ علی، حوالدار صفدر حسین، بھائی صوفی ارشاد حسین، آڑے کے ماموں سفری، راجا محمد حسین اور راجا محمد منظور۔

مجھے بتاؤ میں انھیں کہاں ڈھونڈوں؟

میری آنکھوں میں آنسو ہیں۔ میرا دِل رو رہا ہے۔ میں خدا کا واسطہ دے کر زندہ لوگوں سے کہتا ہوں کہ آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ۔ دلوں سے کدورتیں ختم کر دو۔ یہ سارے لوگ خالی ہاتھ چلے گئے ہیں۔ تم نے بھی چلے جانا ہے۔ بس تمھاری یادیں رہ جائیں گی۔ اچھی یادیں چھوڑو۔ تاکہ تمھارا ذکر بھی آنے والی نسلیں ایسے کریں جیسے میں جانے والے لوگوں کا ذکر کر رہا ہوں۔

آج 2017ء ہے۔ سو سال بعد ہم میں سے شاید ہی کوئی زندہ ہو۔ جس طرح آج ہماری خواہش ہے کہ ہم اپنے دادے، پڑدادے کی تصویر دیکھیں۔ 2117ء میں بھی لوگ یہی خواہش رکھیں گے۔ میں آنے والی ان نسلوں کی اس خواہش کی تکمیل کر رہا ہوں۔ میں نے لوگوں کی تصاویر اکٹھی کرنے کی بڑی کوشش کی۔ اشتہارات لگائے، منتیں کیں، ترلے ڈالے، جو سمجھ بوجھ والے تھے انھوں نے خوشی سے اپنی تصاویر دیں اور جو میری طرح تھے انھوں نے توجہ ہی نہیں دی۔ میرے لیے اب اس کے سوا کوئی راستہ نہیں تھا کہ میں فیس بک کا سہارا لیتا۔ مجھے فیس بک سے جن جن لوگوں کے فوٹو ملے میں نے شاملِ اشاعت کر دیے ہیں۔ تصاویر کا انتخاب بھی رشتوں کو جوڑنے کی ایک سعی ہے اور یہ میرے ادھ کھلے خواب ہیں جو نیند کی ٹہنی پہ آویزاں ہیں۔ نجانے کب میرے یہ خواب شرمندۂ تعبیر ہونگے۔ کون، کس سمے یہ نوید جاں فزا سنائے گا کہ تیرا خاندان بند مُٹھی کی مانند ایک ہو گیا ہے۔ اے کاش!!!

SHINING STARS

یہ وہ قابلِ فخر افراد ہیں جنھوں نے پی ایچ ڈی، ایم اے، ایم ایس سی، ایم بی بی ایس، انجینیرنگ یا ایف اے کے بعد کم از کم 4 سال تعلیم حاصل کی ہے

ڈاکٹر ثاقب منظور راجا
Ph.D
ولد راجا محمد منظور

ڈاکٹر فرقان عباس راجا
ایم بی بی ایس (امریکہ)
ولد راجا غلام عباس

راجا برہان عباس
انجینئر (امریکہ)
ولد راجا غلام عباس

راجا ہارون بشارت
ولد راجا بشارت حسین خان

انجینئر جواد احمد
ولد راجا فیاض حسین

عماد علی
ولد راجا فیاض حسین

جمیل انور راجا
ولد غلام مصطفےٰ

فرحت اقبال راجا
ولد ظفر اقبال

مجاہد اقبال ٹیپو
ولد جاوید اقبال راجا

عمر اقبال اسامہ
ولد جاوید اقبال راجا

طیب اقبال علی
ولد جاوید اقبال راجا

اعجاز احمد راجا
ولد عاشق حسین

محمد زبیر مجاہد
ولد ولایت علی

علی اکمل راجا
ولد محمد شفیع

راجا سہیل عاصم
ولد جاوید اختر

راجا محمد کاشف
ولد محمد صغیر

راجا کامران ضمیر
ولد راجا محمد ضمیر

راجا وقاص ضمیر
ولد راجا محمد ضمیر

راجا اویس طارق
ولد محمد طارق

راجا خالد محمود
ولد راجا غلام نبی

افضال اشرف
ولد ڈاکٹر محمد اشرف

توصیف احمد راجا
ولد محمد بشیر

محمد جہانگیر
ولد محمد بشیر

میری تمام سرگزشت کھوئے ہوؤں کی جستجو

- آدمؑ
- شیثؑ
- قینان
- مہلائیل
- بیارد
- اخنوخ (ادریسؑ)
- متوشلخ
- لامک
- نوحؑ
- سام
- ارفخشاد
- (عابر) ہودؑ
- قانع
- ارغو
- شاروح
- ناحور
- تارح
- ابراہیمؑ
- اسماعیلؑ
- قیدار
- عرام
- عوض

- مزی
- سمی
- زارح
- ناحث
- مقصر
- ایہام
- اقناد
- عیصر
- دی شان
- عیضی
- ارغوے
- عنود
- یحزن
- یثربی
- سنبر
- حمدان
- الدعا
- عبید
- عبقر
- ماخی
- ناحش
- جاحم

- طابخ
- یدلاف
- حزا
- ناشد
- عوام
- ابی
- قموال
- یوز
- عرض
- سلامان
- ہمیسع
- ادو
- عدنان
- معد
- نزار
- مضر
- الیاس
- مدرکہ
- خزیمہ
- کنانہ
- نفر
- بالک

- فہر (قریش)
- غالب
- لوی
- کعب
- مرہ
- کلاب
- قصی
- عبدمناف
- ہاشم
- عبدالمطلب
- عباسؓ
- ادریس
- اسماعیل
- لال
- حارث
- پانڈو
- یسین
- تمیرخان
- زراب
- گہی خان
- نواب خان
- جس خان

- چٹاخان
- کملاخان
- جانان
- صلح خان
- گاجی خان
- بہرام (لل خان)
- ہیبت خان
- سہیل خان
- قائم
- ماخو
- منگا
- سلح
- سنگر
- دولت
- احمد
- حمید
  - خواجہ
  - نذر

گھی خان (اکبر گاہی خان)



گوہر کے تین بیٹے تھے بہرام (برسال)، ناچق اور قطب

بہرام: موہری برسال   ناچق=ٹلہاڑ قطب= کاہلی کھینگر



راجامحمد بوستان خان

آپ یکم مارچ 1897ء کوموضع کاہلی کھینگر تحصیل گوجرخان کے کھتڑیل راجپوت خاندان کے مسمی راجا محمد خان ولد راجا نیاز خان ولد راجا عبداللہ خان عرف دداللہ نمبردار ومقدم کے تیسرے پسر تھے۔آپ پابند صلوٰۃ اورتہجد گزار تھے۔مولانا فقیراللہ صاحب بکوٹ شریف ضلع ہزارہ کے مرید تھےاورچوہدری حیات بخش ولد چوہدری دین محمد سکنہ موہری کھتڑیل تحصیل گوجرخان کے داماد تھے۔آپ 1930ء میں موہری کھتڑیل میں آباد ہوئے اورزندگی بھرقومی خدمت،ملکی یک جہتی اوراتحاد کےعلمبرداراورقوم کے محبوب رہنمار ہے۔آپ پیشہ کے لحاظ سے استاد تھےاورمحکمہ تعلیم راولپنڈی میں درس وتدریس کی خدمات انجام دیتے رہے۔30 سال بحیثیت ہیڈ ماسٹرفائز رہےاورتحصیل گوجرخان اورتحصیل مری کے مختلف سکولوں میں نوجوانوں کوتعلیم کے ساتھ ساتھ بہترین تربیت بھی دیتے رہےاوریوں ضلع راولپنڈی کےبہترین منتظم ہیڈ ماسٹروں میں آپ کا شمار رہا۔آپ اپنے خاندان میں بھی پسندیدہ شخصیت تھےاورخاندان کے علاوہ برادری کےلوگوں پردست شفقت رکھا۔جس کی وجہ سے آپ برادری کےلوگوں میں محسن کی حیثیت سے جانے جاتے تھے۔آپ کاانتقال 81 سال کی عمرمیں 8 جنوری 1978ء بمطابق 28 محرم 1398ھ ہوا۔

اشتیاق احمد راجا

سماجی،سیاسی شخصیت،گاؤں سےکونسلرمنتخب ہوئے اور بعدازاں یونین کونسل جرموٹ کلاں کے چیئرمین بنے۔ نگینہ انٹرپرائزز کے نام سے پروموٹرکی خدمات انجام دیں۔ صاف گو،دلیراوردبنگ شخصیت تھے۔

شہزاد اشتیاق راجا

پاک آرمی میں کمیشن حاصل کیا۔گاؤں کے پہلے کمیشنڈ آفیسرہیں میجرکی حیثیت سےقبل ازوقت ریٹائرمنٹ لے لی۔ آج کل کامیاب بزنس مین ہیں۔

شہاب اشتیاق راجا

اپنے بھائی کےنقش قدم پرچلتے ہوئے آرمی میں کمیشن حاصل کیا،کیپٹن کی حیثیت سےقبل ازوقت ریٹائرمنٹ لی آج کل وکالت کرتے ہیں۔

راجاافتخاراحمد جاوید

آپ کتھریل فیملی کے مایہ نازسپوت ہیں اوران کا شمار راولپنڈی اسلام آباد کے ممتاز وکلاء میں ہوتا ہے۔

(ایڈووکیٹ)

راجااشفاق احمدناز

راجانویداشفاق

راجاثاقب نوید

راجااعجازاحمدارشد

راجاراشداعجاز
(ایڈووکیٹ)

راجا
اویس راشد

راجا
ابراہیم راشد

محمد بنارس

ذاکرحسین

فرخ شہزاد

جنیدفرخ

حمزہ فرخ

مامون فرخ

شبران بنارس

ثاقب حسین

سایان ثاقب

عیان ثاقب

اویس طارق

راجا امیر زمان خان

آپ نے یکم جنوری 1901ء کو ایسے خاندان میں جنم لیا جسے تحصیل گوجر خان میں نمایاں حیثیت حاصل ہے۔ آپ کے جد امجد راجا عبداللہ گاؤں کے بہت بڑے زمیندار تھے اور ساتھ ہی زندگی کے آخری لمحہ 1882ء تک علاقہ کے آنریری مجسٹریٹ کی ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔ آپ کے بڑے بھائی باغ علی کو یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ جنگ عظیم اول میں انگریز کے حکم پر خانہ کعبہ پر گولی نہ چلا کر شہادت کا رتبہ حاصل کیا اور یوں وہ قوم کھتریل کے پہلے شہید سپاہی ہیں۔ آپ کے دوسرے بڑے بھائی راجا محمد بوستان خان 30 سال تک ہیڈ ماسٹری کے عہدے پر فائز رہنے کے بعد 1955ء میں ریٹائر ہوئے۔ راجا صاحب مرحوم نے چالیس سال تک نمبرداری کے فرائض ادا کیے۔ پاکستان بننے سے پہلے آپ سربراہ پنچایت رہے۔ جنگ عظیم اول کے دوران موصل (عراق) کے محاذ پر زخمی ہونے کے بعد 1919ء میں فوج سے پنشن حاصل کی۔ گھر آ کر زمینداری سنبھالی اور محکمہ تعلیم سے ٹیچنگ کی سند حاصل کر لی۔ اور چالیس سال سے زیادہ محکمہ تعلیم کی خدمت کی۔ آپ کا انتقال 75 سال کی عمر میں 1975ء میں ہوا۔ راجا صاحب چوہدری حیات بخش ولد چوہدری دین محمد سکنہ موہری کھتڑیل کے داماد تھے اور آپ 1968ء میں آڑہ راجگان داخلی موہری کھتڑیل میں آباد ہوئے۔

راجا بشارت حسین خان

آپ ہماری فیملی کے پہلے گریجویٹ ہیں، پچاس سال تک تعلیمی شعبہ میں آپ کا ایک نمایاں مقام رہا۔ آپ 20 سال تک راولپنڈی ڈویژنل کونسل کے نائب صدر اور صدر کے عہدے پر فائز رہے سپورٹس کے انتظامی امور میں پاکستان کے کلر ہولڈر بھی ہیں

تصدق ابرار راجا

سیاسی اور سماجی شخصیت،
PTCL کے ریٹائرڈ ڈائریکٹر،
نوائے وقت میں ''ارض اضطراب''
کے نام سے خوبصورت کالم لکھتے ہیں

ہارون بشارت راجا

خرم بشارت راجا

جہانزیب بشارت راجا

راجا عثمان تصدق



راجا شہریار تصدق

ابوبکر ہارون

عمر ہارون

معز راجا

معاذ راجا

راجا تہور علی خان


گاجی خان
بہرام خان (لل خان)
ہیبت خان
پہنڈ
سہیل خان
قائم خان
ادو
(موضع رمٹ میں رہائش پذیر ہے)
ماخو
منگا
سلح
سنگر
دولت
ہمت
سیو
(موضع کاہلی کھینگر دریالہ خاکی میں رہائش پذیر ہے)
ابلو
خلاص
احمد
(موضع موہری کھتڑیل میں رہائش پذیر ہے)
خدو
(ڈدرہ بدہال میں رہائش پذیر ہے)
بارش
نہتا
ہندہال
حاجی
تاج
سلیم
دلشاد
نعمت اللہ
اللہ بخش
خدابخش
رعایت
(موضع بھائی خان میں رہائش پذیر ہے)
بشارت
(موضع پنڈ متے خان میں رہائش پذیر ہے)
مل خان
امیر
گوہر
دلو
(ان کی اولاد سکنہ ڈوہنگی میں رہائش پذیر ہے)
یٰسین
پیرانہ
(موضع دبل میں رہائش پذیر ہے)
چھنگل
(موضع کھورکہ میں رہائش پذیر ہے)

خواجہ


درگاہی x
عظمت x
روشن
اشرف x
حاجی x
امام قلی
گل محمد x
سلطان احمد
سبحان علی x
خدا بخش
داد بخش x
صدیق
مدد علی بابامت 6
حیات بخش 7
امام بخش
عبداللہ 8
قادر بخش
کرم داد 9
شاہ نواز 10
فیض بخش 1
سکندر 2
سماں
وارث
مغل 3
منگا خان x
غلام محمد 4
جعفر خان 5

مجھ کو چھاؤں میں رکھا اور خود جلتا رہا دھوپ میں
میں نے دیکھا ہے اک فرشتہ باپ کے روپ میں

عبدالکریم



جاوید اقبال

مجاہد اقبال ٹیپو

عمر اقبال اُسامہ

صہیب اقبال دانش

طیب اقبال علی

گلزار خان

جاوید اقبال ارحم



جاوید اقبال انس

دانش اور انس

نعیم ضیاء

فہد ضیاء

عامر ضیاء

سعد ضیاء

حماد ضیاء

حسان ضیاء

آپ 1928ء میں پیدا ہوئے اور 1944ء میں برٹش آرمی میں بھرتی ہوئے اور برما میں 2 فیلڈ رجمنٹ میں سروس کا آغاز کیا۔1945ء میں دوسری عالمی جنگ میں شریک ہوئے۔اس جنگ میں ایک معرکے میں بہادری کا مظاہرہ کیا اور برٹش آرمی سے ملٹری میڈل کا تمغہ حاصل کیا۔اس کے علاوہ پاکستان بننے کے بعد 1948ء میں پاک ہند جنگ، 1961ء پاک افغان جنگ، 1965ء اور 1971ء کی پاک بھارت جنگوں میں حصہ لیا۔انہیں بہترین سروس پر گورنمنٹ کی طرف سے تمغہ خدمت ملٹری کلاس ون بھی دیا گیا۔آپ 1972 میں کیپٹن کے رینک میں آرمی سے ریٹائر ہوئے اور 1982 میں وفات پائی۔

کیپٹن محمد عجائب ایم۔ایم



رفاہ عامہ کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے انسان

راجا رفعت محمود

ثاقب پرویز

ارسلان پرویز

انعم شہاب عجائب

سہیل انجم

عمیر علی

نعمان محمود

علی محمود

امتیاز احمد

ندیم یوسف

محمد حذیفہ

عبداللہ یوسف

وسیم یوسف

راجا سلیم یوسف

سیاسی شخصیت،

بہت شریف والد کا ہونہار بیٹا،

ہوٹل مینجمنٹ میں ماہر، مخلص انسان۔

سلیم یوسف+نعمان سلیم

حسیب امتیاز

عابد امتیاز



ماسٹر محبت حسین گاؤں کے سکول میں بطور مدرس اور ہیڈ ماسٹر تعینات رہے۔ تین نسلوں کے اُستاد رہے۔ بہت ہمدرد اور مخلص انسان تھے۔
غریبوں اور یتیموں کے سر پر دستِ شفقت رکھنے والے
گاؤں کے ہردلعزیز استاد

ظفر اقبال

حسن اختر

مشتاق حسین

صداقت حسین

فرحت اقبال

ایم اے پنجابی،
چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی موہری کتھریل،
گورنمنٹ ڈگری کالج دولتالہ
میں بطور لیکچرار کام کر رہے ہیں۔

اسجد اقبال

اصدق اقبال

ولید حسن

شاہ رخ اقبال، ابوبکر، جہانزیب اقبال ظفر

نازید

محمد زبیر

حمزہ زبیر

ندیم زبیر

واصف

جبار احمد

محمد ارشد



فضل حسین

محمد لطیف

محمد حنیف

محمد سجاد

فرقان حیدر

تسکین حیدر

تیمور حیدر

وقاص شفیق

وقار شفیق

محمد مرسلین

محمد کاشف

وجاہت صغیر

محمد بشارت

محمد طفیل

ناصر حنان

محمد یعقوب

جنید علی

1 خاندان فیض بخش ولد امام بخش



1 خاندان فیض بخش ولد امام بخش





فرمان علی

گاؤں کی پہلی پڑھی لکھی شخصیت۔
منشی فرمان علی کے نام سے مشہور تھے



ولایت علی

ایک ایسے انسان کہ جن سے ہم نے رفاہِ عامہ کے کام کرنے کا جذبہ پایا۔
بہت دیانتدار اور ہر ایک کی بھلائی چاہنے والی عظیم شخصیت۔

محمد شبیر صابری

خلیل احمد

افتخار احمد

محمد زبیر مجاہد

حافظ حبیب الرحمٰن

منیب الرحمان

مدثر افتخار

مزمل افتخار

دانش افتخار

طلحہ حبیب

عابد خلیل

ثاقب خلیل

تھانیدار غلام نبی

کامران اعظم

اجمل ایوب

آفتاب

حارث ابرار

تیمور بشیر

چوہدری مکھن خان (سابق بی ڈی ممبر)

گاؤں کی پہچان ان کے نام سے تھی، غریبوں کے ہمدرد، سخی انسان

چوہدری محمد منیر

(سابق وائس چیئرمین یونین کونسل جرموٹ کلاں)

